حکومت پاکستان
ریونیوڈویژن
فیڈرل بورڈ آف ریونیو

*****

اسلام آباد، 30 اکتوبر 2018ء

نوٹیفکیشن

(انکم ٹیکس)

SRO.1305(I)/2018 - فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001(XLIX بابت 2001) کی دفعہ 237 کی ذیلی دفعہ (1) کے تحت حاصل اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے انکم ٹیکس رولز، 2002ء میں مندرجہ ذیل مزید ترامیم کی ہیں، یہ ترامیم متذکرہ دفعہ کی ذیلی دفعہ (3) کے تقاضوں کے مطابق، قبل ازیں نوٹیفکیشن نمبر SRO.1165(I)/2018 بتاریخ 28 نومبر، 2018ء شائع ہو چکی ہیں، یعنی:-

مذکورہ بالا قواعد کے باب VIIIA میں مندرجہ ذیل مزید ترامیم کی جائیں گی:-

(1) رول 39B کے ذیلی رول (1) میں، شق (h) کے بعد مندرجہ ذیل نئی شق کا اضافہ کیا جائے گا، یعنی:-

"(i) "رقم نکلوانے کی سٹیٹمنٹ" سے مراد رقم نکلوانے کی سٹیٹمنٹ ہے جو فارم D کی صورت میں دی گئی ہے"

(2) رول 39C میں-

(A) ذیلی رول (1) میں-

i. جملے "(دفعہ 165A کی ذیلی دفعہ (1) کی شق (a) کے تحت درکار معلومات کے علاوہ)" کو حذف کر دیا جائے گا؛ اور

ii. جملے "اکاؤنٹ ہولڈر کی ڈیپازٹ سٹیٹمنٹ" کے بعد جملے "رقم نکلوانے کی سٹیٹمنٹ" کا اضافہ کیا جائے گا؛ اور

(B) ذیلی رول (2) حذف کر دیا جائے گا؛ اور

(3) فارم C کے بعد مندرجہ ذیل نئے فارم D کا اضافہ کیا جائے گا، یعنی:-

فارم-D

[دیکھیے رول (i)(1)39B]

رقم نکلوانے کی سٹیٹمنٹ

رپورٹنگ بینکنگ کمپنی ______________________

بینکنگ کمپنی کا افسر ______________________

ایسے فائلرز اور نان فائلرز کی معلومات جنہوں نے ایک دن میں پچاس ہزار سے زائد رقم نکلوائی ہو اور اس رقم پر کاٹا گیا ٹیکس، اس رقم کا مجموعہ ایک مہینے کے دوران ایک ملین روپے یا اس سے زائد ہو ــــــــــــــــــــــــــــ

سیریل نمبر	نام	CNIC	تازہ ترین کوائف بشمول پتہ (پتے)	مہینے کے دوران نکلوائی گئی رقم	ریمارکس
(1)	(2)	(3)	(4)	(5)	(6)

[F.No1(69) Rules & SROs/2018]

(اعجاز حسین)

سیکرٹری (رولز اینڈ ایس آر اوز)